تحریر: مسز آر تھرسی - بوائس

ترجمہ: ادارہ

# مسیحی لٹریچر - فارسی زبان میں

[The Moslem World (ہارٹ فورڈ) کے شمارہ جنوری ۱۹۲۷ء میں اُس دور کے مطبوعہ فارسی مسیحی لٹریچر کی ایک فہرست شائع ہوئی تھی جو تہران میں مقیم مسز آر تھرسی - بوائس نے مرتّب کی تھی۔ مرتّبہ کی نہ صرف مسیحی لٹریچر پر نظر تھی، بلکہ ایک منجھے ہوئے مبلّغ کی طرح اپنے "ہدف" کے لیے موزوں کتب و رسائل کے انتخاب کا ملکہ رکھتی تھیں، اس لیے گمانِ غالب ہے کہ اپنے موضوع پر اُس وقت کی یہ ایک جامع فہرست ہے۔ اِس فہرست میں شامل متعدّد کتابیں اور ان کے تراجم برصغیر میں مسلم - مسیحی مناظرے کا موضوع رہے ہیں۔ ذیل میں تمہید کو حذف کرتے ہوئے مسز بوائس کی مرتبہ فہرست کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے۔ مدیر]

## *غور و فکر اور دلچسپی پیدار کرنے کے لیے لٹریچر

فرض کریں آپ راہ چلتے کسی ایرانی مرد، عورت یا بچے کو ایک کتابچہ دینا چاہتے ہیں تاکہ مسیحیّت کے بارے میں اُسے دلچسپی پیدا ہو اور وہ مزید جاننے کا خواہش مند ہو تو آپ کے پاس اِس مقصد کے حسبِ ذیل ۱۲ کتابچے ہیں۔

۱۔ اعلان حاضر —— یہ کتابچہ ابدی سزا کے بارے میں سوچتے ہوئے اُس کی نیند اڑا دے گا۔

۲۔ چارہ کار —— نعمان شامی کی کہانی جو گناہ کے جذام اور اور اِس کے علاج پر روشنی ڈالتی ہے۔ اچھے کاموں کی ناکارگی۔

۳۔ طریق الحیاۃ —— کتاب کے پر کشش انداز کے سبب اِس کی سفارش کی جاتی ہے۔

۴۔ شہادت قرآن بر کتبِ ربّانی —— ایک مختصر سی کتاب ہے جو ایک مسلمان کو بائبل کے مطالعہ پر آمادہ کرتی ہے۔

۵ تا ۱۰۔ چھ وعظ: نورِ عظیم، موسیٰ و مارِ برنجیں (موسیٰ اور پیتل کا سانپ)، نردبانِ حقیقی (اصلی سیڑھی)، نردبان حیات (زندگی کی سیڑھی)، مرضِ گناہ و علاجِ آں (گناہ کی بیماری اور اُس کا علاج)، معاہدہ خصن آمیز (تباہی خیز معاہدہ)

۱۱۔ جوانِ طبل (ڈھول بجانے والا لڑکا)" یہ کتابچہ مجھے اس حصّے کی تحریروں میں سب سے زیادہ موثر نظر آتا ہے، کیوں کہ یہ زندگی اور موت کی ایک واقعی کہانی ہے جس میں مسیح پر ایمان کامیابی کا باعث بنتا ہے۔

۱۲۔ قانونِ جدید — "پہاڑی کا وعظ" موضوع وار ترتیب دیا گیا ہے۔

اور اگر آپ کے دوست مذہبی رہنما ہیں یا صاحبِ جُبّہ و دستار ہیں تو اُنہیں "دی نائل مشن پریس" کے عربی خطبات میں سے کسی ایک کا ترجمہ دیں۔ یہ سات خطبے حسبِ ذیل ہیں۔

۱۔ خدا ایک است و دو نیست (خدا ایک ہے، دو نہیں)

۲۔ فدیناہ بذبحاً عظیم (ہم نے ایک بھاری قربانی اُس کا فدیہ دیا)

۳۔ روح اللہ

۴۔ ناسخ و منسوخ

۵۔ شرح و تفسیر

۶۔ کشف الحقیقت

۷۔ آیتہ الکرسی

ایک اور کتابچہ جو تعلیم یافتہ مسلمانوں کی دلچسپی کا باعث ہو سکتا ہے۔

۸۔ شہادت قرآن برسائر عالمان (تمام دُنیا پر قرآن کی شہادت) — یہ کتابچہ ہندوستان میں لکھا گیا ہے اور ایران میں زیادہ معروف نہیں۔

## *عمومی اختلافات

فرض کریں جس شخص سے آپ کا واسطہ ہے، اُس کا رویّہ دوستانہ ہے اور سمجھنا چاہتا ہے کہ ہم مسیحیّت کو ہی دینِ حق کیوں مانتے ہیں، اور اُس کی ذہنی کیفیّت استفادہ کرنے کی ہے، تاکہ اسلام کو سہارا دینے والی بیساکھیاں ٹوٹ جائیں، تو آپ اُسے مندرجہ ذیل ۱۱ کتابوں اور کتابچوں میں سے کوئی دے سکتے ہیں۔

۱۔ نیاز نامہ — ترویج مسیحیّت کا جو حق ہمیں حاصل ہے یہ کتابچہ اِس کا دفاع کرتا ہے اور مسلمانوں کے تصوّرِ مسیحیّت کی بعض غلطیوں کی اصلاح کرتا ہے۔

۲۔ اتمامِ حُجّت — بہترین کتاب ہے، کیوں کہ اِس کا مولّف ایرانی مسیحی ہے۔ کتاب میں بتایا گیا ہے کہ مسلمانوں کے اعتراضات کے کیا جواب ہیں۔

۳۔ مکالمات محبتانہ (دوستانہ مکالمے) — معمولی تعلیم یافتہ لوگوں کے لیے میرے نزدیک بہترین کتاب ہے۔ اِس کا انداز بیان اہلِ ایران کے لیے قابلِ قبول ہے۔

۴۔ نوبر شیریں (موسم کے پہلے میٹھے پھل) —— اختلافی مسائل جو گناہوں کے ماننے اور ایذاء سے گزرنے پر مبنی گفتگو کی شکل میں بیان کیے گئے ہیں۔
۵۔ ینابیع الاسلام (اسلام کے ماخذ) —— اسلام کے عرب، یہودی اور مسیحی ماخذ، تعلیم یافتہ مستفسرین کے لیے بہترین کتاب ہے۔
۶۔ مشکوٰۃ الصدق (سچائی کا طاق) —— ایک مشرقی مسیحی کی کاوش ہے۔ قرآن سے مسیحیّت کی تائید میں دلائل فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔
۷۔ برہانِ بطلان فخرِ نادان —— اگر فخر الاسلام کی کتابوں یا اثرات کا ذکر ہو تو اِس کتاب کی ضرورت ہے۔
۸۔ عبدالمسیح ولد الکندی
۹۔ میزان الحق —— عہدِ حاضر تک ہمارے مناظراتی اسلحہ خانے کی اہم ترین کتاب
۱۰۔ دعوت المسلمین —— مسلمانوں کو "کتابِ مقدّس" پڑھنے کی دعوت
۱۱۔ حکمت الدیانتہ الحقیقیہ فی اصول الایمان وارکان الدین —— مسیحیّت کے ارکان اور ایمان کے اصولوں کے بارے میں حقیقی دین کا فلسفہ

## *مسیحیّت کی تشریح و وضاحت

اب ہم فرض کرتے ہیں کہ آپ کے فارسی دان دوست کو اسلام کے غلط ہونے کا یقین ہو گیا ہے اور براہ راست مسیحیّت کی مزید تعلیمات کے لیے تیار ہے، تو آپ اُسے یہ کتابیں دے سکتے ہیں۔
۱۔ مراسلاتِ دینی گا اس کتاب کا مقصد بائبل کی اہم سچائیوں کو پیش کرتے ہوئے بھائیوں اور دوسروں کے اعتراضات کا جواب دینا ہے۔
۲۔ دلائلِ ایمان —— یہ کتاب واضح کرتی ہے کہ عہدِ حاضر کے لیے مسیحیّت ہی دینِ حق ہے۔
۳۔ وسیلتہ النجاۃ —— ایک ایرانی نو مسیحی جو دیہاتی ملّا تھا، کی کاوش ہے اور پورے خلوص کے ساتھ سادہ اور مؤثر انداز میں لکھی گئی ہے۔ کہیں کہیں مزاح کی جھلکیاں ہیں۔
۴۔ کشف الاثرنی [قصص] انبیائے بنی اسرائیل —— کہا جاتا ہے کہ بہت پُر کشش کتاب ہے۔
۵۔ طریق الحیاۃ —— بعض افراد کے نزدیک یہ فانڈر کی مضبوط ترین کتاب ہے۔ مختلف ادیان میں نجات کے راستوں کا ذکر کیا گیا ہے اور تقابلی طور پر مسیحی طریقِ نجات کا ذکر ہے۔
۶۔ بخشیش [مکالمہ] خدا —— یوحنا ۳: ۱۶ پر وعظ جس میں "ابنِ خدا" کی ترکیب کا دفاع کیا گیا ہے۔
۷۔ درِ تنگ مملکت خدا (بادشاہت خداوندی کا تنگ دروازہ) —— لوقا ۱۳: ۲۴ پر ایک وعظ ہے۔
۸۔ درِ تنگ و داخلانش (تنگ دروازہ اور —— داخل ہونے والے)
۹۔ جواہر الٰہی —— ملاکی ۳: ۱۷ پر وعظ

۱۰۔ مقدس ملوّث خراب شدہ عبادت گاہ —— ایک خوبصورت معبد اور اُس کے بے وفا متولّی کی تمثیل سے ضمیر کے فرض اور کام کی وضاحت کی گئی ہے۔
۱۱۔ دعوت نامہ —— یسوع مسیح کی جانب دل موہ لینے والی دعوت، اِس میں بتایا گیا ہے کہ جو اُس کی جانب آتے ہیں، اُن کے لیے مسیح کیا کچھ کر سکتا ہے۔

## *مطالعۂ بائبل اور تدریسی کتب

آپ کے دوست کے لیے جو مسیحیّت قبول کر چکا ہے۔

(الف) مطالعہ بائبل پر مبنی کورسز
۱۔ فہرست تاریخ حضرت مسیح
۲۔ سنڈے سکول کورسز —— چالیس اسباق جو ایک حد تک درجوں میں منقسم ہیں، تاہم ضرورت و خواہش کے مطابق کہیں سے بھی شروع کیے جا سکتے ہیں۔
۳۔ [مطالعہ بائبل] —— روزانہ کے مطالعۂ انجیل کو موضوعات کے تحت ترتیب دیا گیا ہے۔ مبتدیوں کے بجائے پختہ لوگوں کے لیے زیادہ سود مند ہے۔

(ب) مطالعہ بائبل میں مدد گار کتب
۱۔ خلاصتہ الاسفار —— "کتاب مقدّس" کے تمام حصّوں کے مطالعے کا تعارف
۲۔ نور الانوار —— عہد نامۂ عتیق اور عہد نامۂ جدید کی تاریخ، عمومی مطالعے کے لیے مفید ہے۔
۳۔ کرنتھیوں کے نام: ایک تعارف
۴۔ مسلمانوں کے لیے متی کی انجیل پر حواشی

(ج) عقائد
۱۔ ویسٹ منسٹر کے مطابق دینی سوال و جواب کی مختصر کتاب
۲۔ بچوں کے لیے دینی سوال و جواب کی کتاب
۳۔ جماعت تصدیق کے لیے چرچ مشنری سوسائٹی کی ہدایات
۴۔ اصول و فروع —— مسیحی عقائد و اعمال کا مختصر بیان جو پڑھے لکھے مستفسرین کے لیے بہت مفید ہے۔
۵۔ اتھاناسیس کے اصولِ ایمان
۶۔ صراط النجاۃ —— مسیحی ایمان کے بارے میں سوال و جواب

(د) تصاویر اور چارٹ
۱۔ عہد نامہ عتیق اور لوقا کی انجیل کی کہانیوں پر مشتمل نیلسن کی تیار کردہ تصاویر جو کورسز کے ساتھ دکھائی

جاتی ہیں۔ ان تصویروں کے ساتھ فارسی متن دیا گیا ہے۔
۲۔ کچھ کورسز کے لیے دیواروں پر لٹکائی جانے والی تصویریں
۳۔ دیواروں پر لٹکانے کے لیے فارسی اور ترکی زبانوں میں اقوال، امریکن مشن تبریز سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

## *روحانی زندگی میں مددگار کتابیں

آپ کے دوست کے لیے جس نے مسیحیّت اختیار کرلی ہے۔
۱۔ نورِ چشمانِ ایمان داراں (ایمانداروں کی آنکھوں کی روشنی) —— اُن لوگوں کے لیے دعاؤں کی کتاب جو اپنی دعائیہ زندگی میں رہنمائی کی ضرورت محسوس کرتے ہیں۔
۲۔ سیاحت مسیحی
۳۔ مطالبِ دعا —— پڑھے لکھے مسیحیوں نے اِس کی تعریف کی ہے۔ مسیحی دعائیہ اجتماعات میں مطالعہ کے لیے مفید ہے۔
۴۔ تاجِ حیات —— مسیحیوں کو اپنے ایمان پر قائم رہنے کے لیے آمادہ کیا گیا ہے۔ تبریز کے محمد ابراہیم کی شہادت کے بعض واقعات اس میں شامل ہیں۔
۵۔ شیشہ عطرِ گراں بہا (قیمتی عطر کی بوتل) —— ولیم بوردن کی مختصر سوانح عمری
۶۔ آئینہ دل —— تمثیلی انداز میں دل پر گناہ کے اثرات اور رحمتِ خداوندی کا کام بیان کیا گیا ہے۔
۷۔ گیتوں کی کتاب
۸۔ عام دُعاؤں کی کتاب —— چرچ مشنری سوسائٹی کی ترجمہ کردہ ہے۔
۹۔ چرچ مشنری سوسائٹی کی "گیتوں کی کتاب"

## *متفرّق کتابیں

۱۔ دزدی مکن (چوری نہ کر)
۲۔ امتناع شُربِ مسکرات (نشہ آور چیزوں کے پینے سے اجتناب)
۳۔ عروسِ زِشت (بدصورت دلہن) —— یہ کتاب جوئے کے خلاف لکھی گئی ہے۔